بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

[WORSHIP THE CREATOR,NOT HIS CREATION

# میرے نبی سے میرا رشتہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے.

## (حصہ اول)

ینگ مسلم

شعبہ اطفال (جماعت اسلامی حلقہ خواتین)

# اللہ تعالیٰ کی محبت کیسے پائیں...؟

مربی سلام اور تعارف کے بعد گفتگو کا آغاز کرے

پیارے بچو! ہماری زندگی میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جو ہم سے محبّت کرتے ہیں جن سے ہم محبّت کرتے ہیں

جب ہم کسی سے محبت کرتے ہیں / کوئی ہم سے محبت کرتا ہے تو ہم کیا کرتے ہیں / ہمیں کیسے پتہ چلتا ہے؟

- بچوں کے جواب:
- وضاحت:
- ہم اس کی بات مانتے ہیں

1. ۔اس کو خوش کرنے کی کوشش کرتے ہیں
2. ۔اس کو ناراض نہیں کرتے۔
3. ۔اس کی مرضی جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔

- اس طرح جب کوئی ہم سے محبت کرتا ہے تو ہمیں اس طرح پتہ چلتا ہے کہ

وہ ہمارا خیال رکھتا ہے ، ہمیں تحفے دیتا ہے، مشکلات سے بچاتا ہے اور ہماری مدد کرتا ہے

پیارے بچو! صرف ایک ذات ایسی ہے جو ہم سے اس وقت سے

محبت کرتی ہے جب ہم دنیا میں نہیں آئے تھے جس نے ہمیں

یہ محبت کرنے والے امی ابو بہن بھائی، دوست، رشتہ دار دیئے...

جو ہمیں ستر ماؤں سے زیادہ پسند کرتا ہے وہ ہمارا **اللہ تعالیٰ** ہے.

پیارے بچو! کیا ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں؟

بچوں سے جواب لیں

ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں تو ہمیں کیا کرنا ہو گا؟ بچوں سے جواب لیں

آیئے ہم قرآن مجید سے مدد لیتے ہیں.

## تلاوت ترجمہ و تفسیر

ترجمہ : اے نبیؐ، لوگوں سے کہہ دو" اگر تم حقیقت میں اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی اختیار کرو۔ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا اور تمھاری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا۔ وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحیم ہے.

(سورہ آل عمران 31 آیت)

اللہ تعالیٰ اس آیت میں اپنے نبی محترمؐ سے مخاطب ہیں اور ان سے کہہ رہیں کہ مومنوں کو بتا دیجئے یعنی ہمیں بتا دیجئے کہ اگر ہم اللہ سے محبت رکھتے ہیں تو رسول کریمؐ کے طریقوں پر چلیں۔

ہم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں تو ہم کیا کریں؟

بچوں کے جواب:۔

ج: اللہ تعالی نے فرمایا تم رسولؐ کی پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا.

س: رسولؐ کی پیروی سے کیا مراد ہے؟

وضاحت: رسول کریمؐ کی سنتوں (قول و فعل) پر خوشی خوشی اور محبت کے ساتھ عمل کرنا۔

مثلاً:

☆اپنے آپ کو پاک صاف رکھنا۔

☆ جھوٹ سے بچنا۔

☆بڑوں کا ادب کرنا(امی / ابو / دادا / دادی / نانا / نانی / خالہ / پھوپھی / چچا / ماموں)

☆چھوٹوں سے شفقت

☆بے شرمی کی باتوں (مثلاً کارٹون، ڈرامے، گانے، خراب الفاظ، گالی مذاق کے الفاظ) سے گریز کرنا.

☆علم حاصل کرنا(قرآن، حدیث، اسکول کی تعلیم وغیرہ) اس طرح ہم عمر کے ہر دور میں نبی کریمؐ کی سنت کو جانیں اور ان پر عمل کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سے محبت کریں گے اگر ہم نبی کریمؐ سے محبت کریں گے اور اللہ تعالی بھی ہم پر رحم کریں گے۔

# تلاوت و تفسیر:

ترجمہ:

" اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ اور اس کے رسول کے آگے پیش قدمی نہ کرو اور اللہ سے ڈرو اللہ سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے"

(سورہ الحجرات-1)

پیارے بچو! یہ سورہ الحجرات کی پہلی آیت ہے اس میں اللہ تعالیٰ مخاطب ہیں ایمان والوں سے یعنی ہم سے ہم ایمان والے ہیں نا!

جب ہمیں ہمارا کوئی بڑا مخاطب کرتا ہے تو ہم کیا کرتے ہیں؟

## بچوں سے جواب:

اس بات کا ادب یہ ہے کہ ان کی طرف متوجہ ہوں اور غور سے ان کی بات سنیں

اس آیت میں ہمیں کون بلا رہا ہے اے ایمان والو! جی ہاں! اللہ تعالیٰ! جو سب بڑوں سے

بڑے اعلیٰ اور بزرگ و برتر ہیں ہم اللہ تعالیٰ کی بات ادب سے اور غور سے سنیں تاکہ اس

کو اچھی طرح سمجھ لیں اور اس پر محبت کے ساتھ عمل کر سکیں اللہ تعالیٰ فرمارہے ہیں کہ

اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کے آگے پیش قدمی نہ کرو

پیش قدمی سے مراد اللہ تعالیٰ کے فرمان اور رسول کریم ﷺ کی سنت سے ہٹ کر چلنے کی کوشش

مت کرو ہر معاملے میں خواہ چھوٹا ہو بڑا اللہ اور اس کے رسول کے فرمان کے مطابق حل کرو

ہم ینگ مسلم کلاس میں اس حوالے سے بچوں کی مثالیں اور کرنے کے کام دیکھیں گے۔۔ ان شاء اللہ

جب ہم اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کے فرمان پر عمل کریں اور اللہ سے ڈرتے ہوئے برے

کاموں سے بچیں گے تو دیکھنے والا اور سننے والا رب ہم سے راضی ہو گا۔۔ ان شاء اللہ

# میرے نبی ﷺ سے میرا رشتہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

مربی سلام اور ابتدائی گفتگو کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ آپ کیا آپ کسی ایسی ہستی سے ملنا چاہتے ہیں جو

بمیرے ظاہر لگتا ہے کہ آپ مل نہیں سکتے مثلاً کوئی تاریخی شخصیت کوئی عظیم ہستی (اللہ تعالیٰ کے علاوہ)

بچوں سے پوچھ کر نام کسی چارٹ بورڈ پر لکھے جائیں

ہر ایک سے پوچھیں کہ آپ ان سے کیوں ملنا چاہتے ہیں؟ جب بچے جواب دے دیں تو پوچھیں کیا آپ

سمجھتے ہیں کہ یہ بھی آپ سے ملنا چاہیں گے یا ملنا پسند کریں گے۔

(یہ نام قائداعظم، علامہ اقبال، کسی کرکٹر، کسی ہیرو، کسی قائد کے ہو سکتے ہیں بچے ہو سکتا ہے

کسی مرحوم رشتہ دار کا نام بھی لیں ہو سکتا ہے کہ بچے حضرت محمدؐ کا نام بھی لیں) ۔

عموماً بچے کہیں گے کہ ہمیں نہیں معلوم کہ وہ ہم سے ملنا چاہیں گے یا نہیں

بچوں کو بتائیں کہ ایک ذات ایسی بھی ہے جو آج سے کئی سو سال پہلے ہم سے ملنا چاہتی تھی کیا

آپ جانتے ہیں وہ ذات گرامی کون تھے ؟

**بچوں کے جواب**

ہمارے نبی محترم حضرت محمد ﷺ اللہ کے آخری رسول اور رحمت اللعالمین

مربی اور سب بچے درود شریف پڑھیں

کیا آپ کو معلوم ہے کہ نبی محترم ؐ ہم سے کیوں ملنا چاہتے تھے

**جواب:**

مربی اس موقع پر حدیث بیان کریں۔

ایک موقع پر نبی محترم ؐ وضو کر رہے تھے۔ آپ ؐ کے وضو کرنے سے جو پانی نیچے گر رہا ہو تا صحابہ کرام

اس پانی کو گرنے سے پہلے اپنے ہاتھوں میں سمیٹ لیتے اور اپنے چہروں پر مل لیتے۔

آپ نے دریافت کیا کہ ایسا کیوں کر رہے ہو صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ ہم آپ سے محبت کرتے ہیں اس لئے ایسا کر رہے ہیں.

دیکھئے صحابہ کرام آپ سے کتنی محبت کرتے تھے ایسے ہی ایک موقع پر نبی رحمت ؐصحابہ کرام کے ساتھ موجود تھے آپ ؐنے فرمایا: میں چاہتا ہوں اپنے بھائیوں سے ملوں۔

صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟

آپ ﷺ نے فرمایا: "انتم اصحابی۔ تم میرے ساتھی ہو، میرے بھائی تو وہ ہیں جو میرے بعد آئیں گے اور بغیر دیکھے مجھ پر ایمان لائیں گے

(صحیح مسلم، مسند احمد، ابن ماجہ)

**(مربی اور بچے درود شریف پڑھیں)** اس کے بعد مربی سوال کریں کہ

س: ہم میں سے کون نبی محترمؐ سے ملنا چاہتے ہیں؟

بچوں کے جواب: جی ہاں

س: ہمیں کیا کرنا ہو گا؟ ہم تو ابھی چھوٹے ہیں؟

آیئے کچھ بچوں کی مثالوں سے سمجھتے ہیں

نبی کریمؐ نے اپنے خاندان والوں کی دعوت کی، کھانا کھانے کے بعد آپؐ نے خاندان والوں کو اسلام کے

بارے بتایا اور ان سے سوال کیا کہ کون کون میرا ساتھ دے گا سب خاموش رہے

ایک 11 /10 سال کا بچہ کھڑا ہوا اور انہوں نے کہا اگرچہ میری ٹانگیں پتلی ہیں۔ میری آنکھیں بہہ رہی ہیں

لیکن میں آپ کا ساتھ دوں گا۔

نبی کریمؐ نے تین دفعہ سوال پوچھا۔ تینوں دفعہ صرف اسی بچے نے جواب دیا

کیا آپ جانتے ہیں یہ کون ہیں؟

بچوں کے جواب: جی ہاں حضرت علی

بچوں سے تبادلہ خیال کریں

س: حضرت علی نے چھوٹے ہونے کے باوجود نبی کریمؐ کا ساتھ دینے کا عہد کیا اور کیوں؟

ج: حضرت علی نبی کریم سے محبت کرتے تھے اور جانتے تھے کہ محمدؐ صادق اور امین ہیں

س: کیا حضرت علی کو ڈر نہیں لگا کہ میں بچہ ہوں بڑے مجھے ڈانٹیں گے / منع کریں گے؟

ج: جب ہم کسی سے محبت کرتے ہیں تو اس کے لئے ہم کچھ بھی کرتے ہوئے نہیں ڈرتے ہیں۔

س: حضرت علی کے اس واقعہ سے ہم نے کیا سیکھا؟

بچوں کے جواب

ہم نے سیکھا کہ:

ہم بھی نبی محترم ﷺ سے محبت کرتے ہیں ہم بھی نبی محترم کا ساتھ دیں گے۔

س:۔ نبی محترم ﷺ اب اس دنیا میں نہیں ہیں کیا ہم اب بھی ان کا ساتھ دے سکتے ہیں؟

**وضاحت:**

جی ہاں! نبی محترم ﷺ کی سنتوں پر عمل کر کے ان کے اخلاق کو اپنا بنا کر اور قرآن و سنت کی تعلیم حاصل کر کے ہم ان کا ساتھ دے سکتے ہیں

آیئے ایک خاکہ دیکھتے ہیں (کتاب میرے نبیؐ میرے آئیڈیل سے خاکہ " بہتر اسلام کس کا ہے پیش کریں)

کرنے کے کام:۔

حدیث اور واقعہ اپنے امی / ابو / بھائی بہنوں / دوستوں / کزنز / اسکول کے ساتھیوں کو سنائیں

نبی کریم ﷺ کی کوئی ایک سنت لکھ کر لائیں جس پر آپ عمل کرتے ہیں

نبی محترم ﷺ کے اخلاق کے حوالے سے سیرت کا کوئی واقعہ اپنے امی / ابو سے سنیں اور

کلاس میں سنائیں

خاکہ سے متعلق سرگرمی مکمل کریں۔

جَزَاكُمُ اللهُ خَيْرًا

MAY **ALLAH** ﷻ REWARD YOU WITH GOODNESS